دوم: اقامت دین کے لیے نہایت حکمت و تدبر اور بصیرت کے ساتھ --- صحیح سمت میں فعال جدوجہد ناگزیر ہے۔

(رفیع الدین ہاشمی)

اردو میں ادبِ اطفال' ایک جائزہ: از پروفیسر اکبر رحمانی۔ ناشر: ایجوکیشنل اکادمی' اسلام پورہ' جلگاؤں' بھارت۔ صفحات ۱۱۶۔ قیمت ۳۵ روپے۔

پروفیسر اکبر رحمانی' جلگاؤں سے ایک تعلیمی جریدہ "آموزگار" شائع کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل جریدہ مذکورہ کے "ادبِ اطفال نمبر" میں مختلف اہل قلم نے ادبِ اطفال کے مسائل' فروغ و ترویج اور اس راہ کی مشکلات پر بحث کی تھی۔ یہی خاص نمبر' زیر نظر کتاب کی صورت میں شائع کیا گیا ہے۔ لکھنے والوں میں ظ' انصاری' میرزا ادیب اور جگن ناتھ آزاد جیسے کہنہ مشق اور نامور اہلِ قلم شامل ہیں۔ ادبِ اطفال کے نقادوں اور ادیبوں کو اس مجموعے میں مفید نکات ملیں گے۔ اس ضمن میں سب سے توجہ طلب بات تو یہ ہے کہ بچوں کی اخلاقی اور تہذیبی تربیت کے لیے جامع' حکیمانہ اور سائنٹی فک طریق پر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔

(رفیع الدین ہاشمی)

تعلیم الفرائض یعنی تقسیم میراث: از پروفیسر عبد الرحیم ارشد۔ ملنے کا پتا: اسٹینڈرڈ بک ہاؤس' اردو بازار' لاہور۔ صفحات ۳۲۔ قیمت ۱۲ روپے۔

تقسیم میراث پر اردو زبان میں اپنی نوعیت کا منفرد کتابچہ جس میں تمام ضروری معلومات' اختصار سے دی گئی ہیں۔ ہر باب کے آخر میں سوالات بھی قائم کیے گئے ہیں۔

وضاحت

۱۔ ترجمان القرآن میں ترجیحاً دینی اور علمی کتابوں پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔

۲۔ تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔

۳۔ تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست: مدیر ترجمان القرآن منصورہ' لاہور ۵۴۵۷۰ کو بھیجی جائیں۔